Inam / Sadiq

15-07-2025

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..................

**Music**

--------------------------------

☆ بھارت کے خلاء باز شوبھانشو شکلا اور Axiom-4 کا عملہ تاریخی خلائی مشن مکمل کرنے کے بعد آج دوپہر کیلیفورنیا کے ساحل کے قریب سمندر میں اُترے گا۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بیجنگ میں SCO کے دیگر ممبران کے ساتھ چین کے صدر شی جن پنگ سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر جے شنکر آج Tianjin شہر میں گروپ کے وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

☆ اِسکل انڈیا مشن کو آج دَس سال مکمل ہورہے ہیں۔ مرکزی وزیر جینت چودھری نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے عزم کی توثیق کی ہے۔

☆ محکمۂ موسمیات نے راجستھان کے کئی ضلعوں میں بارش کے لیے ریڈ اور اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور شطرنج میں۔ بھارت کی چار کھلاڑی FIDE خواتین عالمی کپ کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Axiom 4**

بھارتی خلاء باز شُبھانشو شُکلا اور Axiom-4 مشن کے عملے کے تین دیگر ارکان بین الاقوامی خلائی اسٹیشن ISS میں 18 دن گزارنے کے بعد آج زمین پر واپس آرہے ہیں۔ کل وہ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے SpaceX Dragon کے ذریعے زمین پر آنے کیلئے تقریباً 22 گھنٹے کے سفر پر روانہ ہوئے۔ توقع ہے کہ وہ بھارتی وقت کے مطابق آج سہ پہر تین بجے کیلیفورنیا کے ساحل کے قریب اتریں گے۔

Axiom-4 مشن کا خلائی سفر 25 جون کو ، اُس وقت شروع ہوا تھا، جب Dragon Space Capsule کو لے جانے والا Falcon-9 راکٹ فلوریڈا سے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کی جانب روانہ ہوا تھا۔ ISS پر اپنے قیام کے دوران جناب شُکلا نے سات مخصوص تجربات کئے، جن سے خلائی سائنس اور ٹیکنالوجی میں بھارت کی بڑھتی ہوئی صلاحیتوں کا اظہار ہوتا ہے۔ یہ تجربات مستقبل کے سیاروں کے مشنوں اور خلاء میں طویل مدت کے قیام کیلئے اہم ڈاٹا تیار کرنے کیلئے کئے گئے ہیں۔ اتوار کو NASA کے مہم جوئی عملے نے Axiom-4 مشن کے عملے کے ارکان کیلئے ایک روایتی الوداعی تقریب کا اہتمام کیا تھا۔ الوداعی تقریب میں اظہار خیال کرتے ہوئے، جناب شُکلا نے اپنے خلائی سفر کو واقعی ناقابلِ یقین قرار دیا۔ یہ مشن، جسے آکاش گنگا کا نام دیا گیا ہے، Axiom Space، NASA اور خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO کی ایک مشترکہ کوشش ہے۔ یہ مشن آئندہ گگن یان مشن اور مجوزہ بھارتیہ Antariksha اسٹیشن سمیت بھارت کے انسانی خلائی پرواز کے عزائم کی تکمیل کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

**EAM SCO CHINA**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج بیجنگ میں شنگھائی تعاون تنظیم SCO ارکان کے ساتھ چین کے صدر شی جن پنگ سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب جے شنکر نے کہا کہ انھوں نے بھارت اور چین کے درمیان باہمی تعلقات میں حالیہ پیشرفت کے بارے میں چین کے صدر کو تفصیل بتائی کیا۔ میٹنگ کے دوران انھوں نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیرِ اعظم نریندر مودی کی نیک خواہشات بھی پیش کیں۔ ڈاکٹر جے شنکر شنگھائی تعاون تنظیم کے وزراء خارجہ کی آج Tianjin شہر میں ہونے والی میٹنگ میں شرکت کیلئے بیجنگ پہنچے ہیں۔ انہوں نے کُل بیجنگ میں اپنے چینی ہم منصب Wang Yi سے ملاقات کی۔ وزیرِ موصوف نے ایک دوسرے کے ملک میں بہنے والے دریاؤں سے متعلق اشتراک کی ضرورت اجاگر کی۔ x

**DRDO Indian Navy**

دفاعی ریسرچ اور ترقی کی تنظیم DRDO نے آج ملک میں ہی ڈیزائن اور تیار کیے گئے چھ اہم آلات کو بھارتی بحریہ کے حوالے کیا ہے۔یہ آلات ہیں گاما ریڈی ایشن کی فضائی نگرانی کا نظام، ماحولیاتی نگرانی کے لیے گاڑی، تابکاری کے رِساؤ کی نگرانی کا نظام ، زیر آب گاما تابکاری کی نگرانی کا نظام، ڈرٹ ایکسٹریکٹر اور کراس کنٹامینیشن مانیٹر اور آرگن کی تابکاری کا پتہ لگانے کا نظام۔ اِن آلات کو راجستھان کے جودھپور میں دفاعی لیباریٹری میں منعقد ایک خصوصی تقریب میں دفاعی ریسرچ اور ترقی کے محکمہ کے سکریٹری اور DRDO کے چیئرمین نے اسسٹنٹ چیف آف نیول اسٹاف SSP ریئر ایڈمرل سری رام امور کے حوالے کیے۔x

**Gadkari CSR**

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے آج کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) سرگرمیوں کو بڑھانے کی غرض سے صنعت کے شراکت داروں سے سماجی، اقتصادی آڈٹ کرنے پر زور دیا۔ نئی دلّی میں بارھویں قومی CSR چوٹی کانفرنس اور CSR ٹائمز ایوارڈز 2025 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب گڈکری نے اِس بات پر زور دیا کہ شہری اور دیہی علاقوں کے مسائل الگ الگ نوعیت کے ہوتے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر جدید ٹیکنالوجی کا صحیح استعمال دستیاب وسائل پر کیا جائے تو دیہی علاقوں میں حالات بدلے جاسکتے ہیں اور وہاں کے لوگوں کو شہروں کی طرف جانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوگی۔ جناب گڈکری نے کہا کہ اصل مقصد یہ ہونا چاہئے کہ پسماندہ لوگوں تک پہنچا جائے اور ان کی مہارتوں کو ترقی دی جائے۔x

**PM Kamaraj**

وزیراعظم نریندرمودی نے تمل ناڈو کے سابق وزیراعلیٰ کے کامراج کو اُن کی یوم پیدائش پر آج خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کے کامراج بھارت کی جنگ آزادی میں پیش پیش تھے اور انھوں نے آزادی کے بعد ملک کی تعمیر کے ابتدائی برسوں میں بے حد قیمتی تعاون دیا۔جناب مودی نے کہا کہ ان کے اعلیٰ اصول اور سماجی انصاف پر زور آج بھی ہم سب کے لیے تحریک کا ذریعہ ہیں۔x

**Prez Odisha**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت کا قومی ہدف عالمی سوپر پاور بننا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے بنیادی ڈھانچہ، حفظان صحت، خلاء، سائنس، ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت جیسے کئی مختلف شعبوں میں ایک لمبا سفر طے کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب ہم 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے ہدف کو حاصل کر رہے ہوں گے،تعلیم یقینی طور پر ملک کی تعمیر اور بھارت کے مستقبل کو سوارنے میں ایک اہم کردار ادا کرے گی۔ آج سہ پہر کٹک میں Ravenshaw یونیورسٹی کے 13 ویں سالانہ کونوکیشن سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ مرمو نے طلباء سے

کہا کہ وہ اپنی زندگی میں ''Country First, Soil First'' کے عہد کو یاد رکھیں اور اپنے آپ کو دیانت داری اور زدے دارے کے مضبوط جذبے کے ساتھ سماج کی خدمت کے لیے وقف کر دیں۔x

### Odisha CM Assurance

اوڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی نے بالاسور کے Fakir موہن کالج میں ایک 20 سالہ طالبہ کی موت کے ذمہ دار افراد کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ اِس طالبہ نے ایک فیکلٹی ممبر کی طرف سے جنسی طور پر حراساں کیے جانے کے بعد خود سوزی کی کوشش کی تھی۔ اِس کے بعد اِس طالبہ نے اپنے جلنے کے زخموں کی تاب نہ لاکر بھوبنیشور کے ایمس میں دم توڑ دیا۔ انہوں نے خود سوزی کرنے والی طالبہ کے کنبے کو 20 لاکھ روپے کی امداد دینے کا بھی اعلان کیا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ہلاک ہونے والی طالبہ کے والدین سے کل شام بھوبنیشور کے ایمس میں ملاقات کی اور اِس واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ پولیس نے اِس معاملے میں اب تک دو لوگوں کو گرفتار کیا ہے، جس میں ایک فیکلٹی ممبر اور کالج کے پرنسپل دونوں شامل ہیں۔ اوڈیشہ سرکار نے اِس واقعے سے وابستہ معاملے میں کالج کے پرنسپل کو معطل کر دیا ہے۔x

### NCC Inauguration Day

آزاد بھارت کے نیشنل کیڈٹ کور NCC کے قیام کو آج 77 سال مکمل ہوگئے۔ آزادی کے بعد 16 اپریل 1948 کو وزارتِ دفاع کے تحت NCC ایکٹ کے ذریعے NCC کا وجود عمل میں آیا تھا۔ NCC کا باضابطہ افتتاح 15 جولائی 1948 کو کیا گیا۔ NCC کے Girls Division کا آغاز جولائی 1949 میں کیا گیا۔ NCC کے قیام کا مقصد قومی سطح پر نوجوانوں کی ایک تنظیم کے قیام کی ضرورت کو پورا کرنا تھا تاکہ دفاعی افواج سمیت زندگی کے ہر شعبے میں ملک کا اچھا شہری اور مستقبل کا رہنما بنانے کی غرض سے نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کو تربیت دی جاسکے۔ x

### J&K Road Accident

جموں و کشمیر میں ڈوڈا ضلعے کے Ponda علاقے میں سڑک کے ایک حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر پانچ ہوگئی ہے۔ شدید طور سے زخمی ہونے والے پانچ سال کے ایک بچے کو گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں لے جایا گیا ہے، جبکہ 11 دیگر افراد کا ایک مقامی اسپتال میں علاج چل رہا ہے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب ایک Tempo Traveller ڈوڈا قصبے سے تقریباً 25 کلومیٹر دور واقع Ponda کے نزدیک Doda-Barath سڑک پر پھسل کر ایک گہری کھائی میں جاگرا۔ مقامی پولیس، SDRF کی ٹیموں اور رضاکاروں کی قیادت میں بچاؤ اور امدادی کارروائیاں مکمل ہوگئی ہیں اور حکام حادثے کا سبب معلوم کرنے کیلئے چھان بین کررہے ہیں۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے مہلوکین کے کنبوں کے ساتھ گہری تعزیت کا اظہار کیا ہے اور یقین دلایا ہے کہ کوئی بھی درکار ضروری مدد فوراً فراہم کی جائے گی۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سڑک حادثے میں ہونے والے جانی نقصان پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی مہلوکین کے کنبوں سے دِلی تعزیت کا اظہار کی ہے اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعاء کی ہے۔ x

### Skil India Mission

اِسکل انڈیا مشن کی آج دَسویں سالگرہ منائی جارہی ہے۔ وزیراعظم نریندرمودی نے 2015 میں اِس مشن کا آغاز کیا تھا، جس کا مقصد روزگار،Entrepreneurship اور زندگی گزارنے کے لیے پائیدار مواقع کے لیے صنعت سے جڑی ہوئی اِن مہارتوں کو نوجوانوں کے اندر پیدا کرنا تھا۔ مہارت اور Entrepreneurship کے وزیر جینت چودھری نے سبھی شعبوں میں عملی اور ملازمت کے لیے تیار مہارتوں کے ساتھ نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے حکومت کے عزم کی توثیق کی۔ انھوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت میں اسکل انڈیا مشن ، خاص طور پر

خواتین اور محروم طبقات کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لارہا ہے۔ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اسکل انڈیا مشن حکومت ہند کا ایک اہم ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کو مختلف مہارتیں فراہم کرکے ان کی ملازمت کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔**PM** کوشل وکاس یوجنا اور اسکل انڈیا ڈیجیٹل ہب جیسے کئی اقدامات کے ساتھ ملک مہارتوں کا عالمی مرکز بننے کی جانب قدم بڑھا رہا ہے۔ مہارت پیدا کرنے اور **Entrepreneurship** کی وزارت نے ملک کے درخشاں مستقبل کی تعمیر کے لیے اپنی مختلف اسکیموں کے ذریعے چھ کروڑ سے زیادہ نوجوانوں کو بااختیار بنایا ہے۔ پردھان منتری کوشل وکاس یوجنا کے تحت **2015** سے اب تک **38** شعبوں میں ایک کروڑ **60** لاکھ سے زیادہ نوجوانوں کو تربیت دی جاچکی ہے۔ اِن میں سے **45** فیصد خواتین ہیں اور ایک بڑی تعداد درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبائل اور دیگر پسماندہ طبقوں سے آتی ہے۔

## Maha Tesla Showroom Open

امریکی ملٹی نیشنل آٹو موٹیو کمپنی **Tesla** باضابطہ طور پر اپنی وائی ماڈل الیکٹرک گاڑی کے ساتھ انڈین مارکٹ میں داخل ہوگئی ہے اور کمپنی نے آج ممبئی میں اپنا پہلا شوروم کھولا ہے۔ مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے کمپنی کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور **Tesla** کو مہاراشٹر میں اپنی تحقیق و ترقی اور مینوفیکچرنگ سہولیات قائم کرنے کے لیے مدعو کیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ممبئی، بھارت کی صرف مالی، اقتصادی اور اینٹرٹینمنٹ کی راجدھانی نہیں ہے، بلکہ یہ ایک کاروباری مرکز بھی ہے۔x

## IMD Wather

بھارتی محکمۂ موسمیات **IMD** نے راجستھان اور چھتیس گڑھ کے لیے آج بارش ہونے سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ **IMD** کے مطابق راجستھان اور چھتیس گڑھ کے کچھ علاقوں میں اگلے دو دِن تک شدید بارش ہونے کے امکانات ہیں۔ **IMD** نے گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال اورجھارکھنڈ میں آج تیز بارش ہونے کی پیشگوئی بھی کی ہے۔ اُس نے مزید کہا ہے کہ بہار، ہماچل پردیش، اُوڈیشہ، اتراکھنڈ، آسام اور میگھالیہ کے کچھ علاقوں میں تیز بارش ہونے کے قوی امکانات ہیں۔ اُدھر محکمۂ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، آندھراپردیش، **Yanam** اور **Rayalaseema** کے کچھ علاقوں میں گرم اور اُمس والے موسم کی بھی پیش گوئی کی ہے۔**x**

## Chess

شطرنج میں بھارت کی آر ویشالی اور **Harika Dronavalli** ، جارجیا کے **Batumi** میں **FIDE** خواتین عالمی کپ کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے تیسرے راؤنڈ کے میچوں میں **Tie-Breaks** میں کامیابی حاصل کی۔ یہ دونوں کھلاڑی اگلے راؤنڈ میں اپنی ہم وطن کھلاڑیوں **Koneru Humpy** اور دِویا دیشمکھ کے ساتھ شامل ہوں گی۔ **x**

**India Clean Energy**

بھارت نے توانائی کی منتقلی کے اپنے سفر میں مقررہ وقت سے پانچ سال پہلے ہی غیر روایتی ایندھن کے ذرائع سے اپنی تنصیب شدہ بجلی صلاحیت کے **50** فیصد تک پہنچ کر ایک اہم مقام حاصل کیا ہے۔ یہ اہم سنگ میل آب و ہوا کی تبدیلی کی روک تھام سے متعلق کارروائی اور پائیدار ترقی کے لیے ملک کے مضبوط عزم کو اجاگر کرتا ہے اور اس بات کا اشارہ ہے کہ ماحولیات کے لیے سازگار توانائی کی طرف بھارت کی منتقلی نہ صرف حقیقی ہے بلکہ اس میں تیزی بھی آ رہی ہے۔ نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا کہ آب و ہوا کی تبدلی کی روک تھام کا حل تلاش کرنے والی دنیا کو بھارت راستہ دکھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ **2030** کے ہدف سے پانچ سال قبل ہی **50** فیصد غیر روایتی ذرائع سے ایندھن کی صلاحیت حاصل کرلینا ہر بھارتی کے لیے قابل فخر لمحہ ہے۔جناب جوشی نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت بھارت کی ماحولیات کے لیے سازگار توانائی کی منتقلی کو آگے بڑھا رہی ہے اور ایک خودکفیل اور پائیدار مستقبل کی راہ ہموار کر رہی ہے۔ یہ اہم کامیابی نظریہ ساز پالیسی کی کامیابی، جرات مندانہ عمل آوری نیز مساوی اور ماحولیاتی ذمہ داری کے تئیں ملک کے پختہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ اہم پروگرام جیسے کہ پی۔ایم۔کُسُم، پی۔ایم سوریہ گھر، مفت بجلی یوجنا، سولر پارک کی ترقی اور قومی بادی شمسی ہائبرڈ پالیسی نے اس تبدیلی کی مضبوط بنیاد رکھی ہے۔ بھارت کی ترقی عالمی تناظر میں زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔ عالمی سطح پر سب سے کم فی کس کاربن اخراج کے باوجود، بھارت اُن چنندہ **G-20** ممالک میں شامل ہے جو اپنے قومی سطح پر طے شدہ شراکت **NDC** کے وعدوں کو پورا کرنے کی راہ پر ہیں یا اس سے بھی آگے جا رہے ہیں۔ بیان میں بتایا گیا کہ غیر روایتی ذرائع سے **5O** فیصد توانائی کے سنگ میل کو مقررہ وقت سے پہلے حاصل کرکے، بھارت ماحولیات کے لیے سازگار توانائی کے سب سے آگے نکلنے والے کے طور پر اپنی قیادت کو مزید تقویت فراہم کرتا ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ اقتصادی ترقی اور ماحولیاتی ذمہ داری ساتھ ساتھ چل سکتی ہے۔×